اور حاکم نے اور منکر جانا اسکو عقیلی نے * اور روایت ہے عبد اللہ ابن
عمر رضي الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
عمر رضی اللہ عنہما سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
لا صام من صام الابد متفق عليه ولمسلم عن ابي قتادة
روزہ نہ رکھا جسنے ہمیشہ روزہ رکھا متفق علیہ ہے اور مسلم کی روایت ہے ابی قتادہ سے
بلفظ لا صام ولا افطر * باب الاعتكاف وقيامه
اس لفظ سے روزہ نہ رکھا اور نہ افطار کیا * باب اعتکاف کا اور قیام کرنے کا
رمضان * عن ابي هريرة رضي الله عنه ان رسول
رمضان میں * روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من صام رمضان ایمانا

خدا رحمت اللہ کی آپر اور سلام فرمایا جسنے روزہ رکھا رمضان کا ایمان

واحتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ متفق علیہ صلی اللہ علیہ

اور ثواب کے لیے پر بخشا گیا اگلا گناہ اسکا متفق علیہ

عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ

حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہا تھے رسول خدا رحمت اللہ کی آپر

وسلم اذا دخل العشر الاخیر من رمضان

اور سلام جب آتا عشر یعنے پچھلا عشرہ رمضان کا باندھے کمر اپنی

شد میزرہ واحیی لیلہ وایقظ اھلہ متفق علیہ وعنہا

اور زندہ کرتے اپنی رات کو اور جگاتے اپنے لوگو کو متفق علیہ اور انھیں سے ہی

رضی اللہ عنہا قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

رضی اللہ عنہا کہا کہ رسول خدا رحمت اللہ کی آپر اور سلام

اذا اراد ان یعتکف صلی الفجر ثم دخل معتکفہ

جب چاہتے تھے کہ اعتکاف کریں نماز پڑھے فجر کی پھر داخل ہوتے اپنے اعتکاف

متفق علیہ وعنہا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان

کی جگہ میں متفق علیہ اور انھیں سے ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

یعتکف العشر الاواخر من رمضان حتی توفاہ

اعتکاف کرتے تھے عشرۂ اخیر میں رمضان کے یہاں تک کہ اٹھا لیا اسکو

اللہ عزوجل ثم اعتکف ازواجہ من بعدہ متفق
اللہ عزوجل کے بعد پھر اعتکاف کیا بیویوں نے انکی بعد اسکے متفق
ابی سنہ عنہا قالت ان کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علیہ سنہ اور انہیں سے ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم
لیدخل علی راسہ وہو فی المسجد فارجلہ وکان
رکھتے تھے میرے طرف سر کو اپنے جس حالمیں وہ مسجد میں ہوتے میں وہ پھر کنگھی
لا یدخل البیت الا لحاجۃ اذا کان معتکفا
کرتی میں انکو اور نہ جاتے گھر میں مگر واسطے قضاء حاجت کے جب ہوتے معتکف
متفق علیہ واللفظ للبخاری وعنہا قالت السنۃ علی
متفق علیہ ہی اور عبارت بخاری کی ہی اور انہیں سے ہی کہا سنت ہی
المعتکف ان لا یعود مریضا ولا یشہد جنازۃ
اعتکاف کرنیوالے پر کہ نہ عیادت کرے مریض کی اور نہ حاضر ہو جنازے پر
ولا یمس امراۃ ولا یباشرہا ولا یخرج لحاجۃ
اور نہ چھوئے عورت کو اور نہ پیار کرے اسے اور نہ نکلے کسی کام کو
الا لما لا بد منہ ولا اعتکاف الا بصوم ولا
مگر جو ضروری ہو اور نہ اعتکاف ہی مگر ساتھ روزے کے اور نہ
اعتکاف الا فی مسجد جامع رواہ ابوداؤد
اعتکاف ہی مگر جمعہ کی مسجد میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وَلَا بَاسَ بِرِجَالِهِ اِلَّا اَنَّ الرَّاجِحَ وَقْفُ اَحَدِهِمَا

اور نہیں شبہ ہی راویوں میں اسکے مگا رجیح ہی ایک وقف کو اسکے

وعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ

اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ رسول خدا نے رحمت

وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ عَلَی الْمُعْتَکِفِ صِیَامٌ اِلَّا اَنْ یَجْعَلَہٗ

اور سلام فرمایا نہیں ہی اعتکاف کرنے والے پر روزہ مگر یہ کہ ٹھہرائے

عَلٰی نَفْسِہٖ رَوَاہُ الدَّارَقُطْنِیُّ وَالْحَاکِمُ وَالرَّاجِحُ

اپنی جان پر روایت کیا اسکو دار قطنی اور حاکم نے اور رجیح ہی

وَقْفُہٗ اَیْضًا وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّ رِجَالًا

موقوف ہونا اسکا بھی اور روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کئی شخص

مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُرُوا لَیْلَۃَ الْقَدْرِ

اصحاب سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھلائے گئے شب قدر

فِی الْمَنَامِ فِی السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

خواب میں پچھلے سات دن میں سو فرمایا رسول اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرٰی رُؤْیَاکُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ فِی

صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا میں نے خواب کو تمہارے پس وہ پس

السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ کَانَ مُتَحَرِّیَہَا فَلْیَتَحَرَّہَا

پچھلے سات میں سو جو ہو تاکنے والا سو تاکے اسے

فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ

سات دنون مین متفق علیہ ہی اور روایت ہی معاویہ ابن

أَبِي سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے نقل کی اُسنے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ رَوَاهُ

وسلم سے فرمایا مین لیلۃ القدر کے ساتیسوین رات ہی روایت کیا اُسکو

أَبُو دَاوُدَ وَالرَّاجِحُ وَقْفُهُ وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي تَعْيِينِهَا

ابو داؤد نے اور راجح ہی موقوف ہونا اُسکا اور اختلاف ہے مین اُسکے تعیین کے

عَلَى أَرْبَعِينَ قَوْلًا أَوْرَدْتُهَا فِي فَتْحِ الْبَارِي. وَعَنْ

چالیس قول ہین لیا ہون مین اُسکو فتح الباری مین ۔ اور روایت ہی

عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہا پوچھا مین نے یارسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَأَيْتَ إِنْ عَلِمْتُ أَيُّ لَيْلَةٍ لَيْلَةُ

صلی اللہ علیہ وسلم کیا بتاتے ہو اگر جانون مین کسی رات کو شب قدر کیا

الْقَدْرِ مَا أَقُولُ فِيهَا قَالَ قُولِي اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ

کہون اُسمین فرمایا کہہ ای اللہ تیرا نام عفو ہی

تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي رَوَاهُ الْخَمْسَةُ

دوست رکھتا ہی تو معاف کرنے کو سو وہ گذر کر میرے گناہونسے روایت کیا اُسکو پانچون نے

غَيْرَ اَبِي دَاوٗدَ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ

سوائے ابی داؤد کے اور صحیح کہا اُسکو ترمذی نے اور حاکم نے

وَعَنْ اَبِي سَعِيْدِ بْنِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور روایت ہی ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ

رسول خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام نہ باندھو کجاوا

اِلَّا اِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ

مگر تین مسجد کی طرف کہ اور

مَسْجِدِيْ هٰذَا وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

یہ میری مسجد اور بیت المقدس متفق علیہ ہی

كِتَابُ الْحَجِّ ۔ بَابُ فَضْلِهٖ وَبَيَانِ مَنْ فُرِضَ عَلَيْهِ

کتاب حج کی ۔ باب حج کی فضیلت کا اور بیان اُسکا جسپر وہ فرض ہوا

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مقرر رسول خدا نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْعُمْرَةُ اِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِّمَا

رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام فرمایا ایک عمرہ دوسرے عمرے تک گناہ اُنکا جو

بَيْنَهُمَا وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهٗ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

درمیان اُنکے ہی اور حج مقبول نہیں ہی مزدوری اُسکی مگر جنت متفق علیہ ہی

وعن عائشة رضي الله عنها قالت قلت يا رسول
اور روایت ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہا ہو جھا میں نے یا رسول اللہ
الله صلى الله عليه وسلم على النساء جهاد قال نعم عليهن
صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں پر بھی جہاد ہی فرمایا ہاں اُنپر ایسا
جهاد لا قتال فيه الحج والعمرة رواه احمد
جہاد ہی کہ اُسمیں لڑائی نہیں حج اور عمرہ روایت کیا اُسکو احمد
وابن ماجة واللفظ له واسناده صحيح واصله في
اور ابن ماجہ نے اور عبارت اُسیکی ہی اور اسناد اُسکی صحیح ہی اور اصل
الصحيح • وعن جابر بن عبد الله رضي الله
اُسکی صحیح میں ہی • اور روایت ہی جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے
عنه قال اتى النبي صلى الله عليه وسلم اعرابي فقال
کہا آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک گنوار سو بولا
يا رسول الله اخبرني عن العمرة اواجبة هي فقال
یا رسول اللہ خبر دو مجھے عمرے کی کیا واجب ہی وہ فرمایا
لا وان تعتمر خير لك رواه الترمذي والراجح
نہیں اور اگر عمرہ کرے تو بہتر ہی تجھکو روایت کیا اُسکو ترمذی نے اور راجح ہی
وقفه واخرجه ابن عدي من وجه اخر ضعيف
وقف اُسکا اور نکالا اُسکو ابن عدی نے دوسری وجہ سے جو ضعیف ہی

وعن جابر رضي الله عنه مرفوعا الحج والعمرة
اور روایت ہی جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً حج اور عمرہ دونوں
فريضتان وعن انس رضي الله عنه قال قيل
فرض ہیں اور انس رضی اللہ عنہ سے کہا کسی نے پوچھا
يا رسول الله ما السبيل قال الزاد والراحلة رواه
یارسول اللہ کیا ہی سبیل فرمایا زاد اور راحلہ روایت کیا اسکو
الدارقطني وصححه الحاكم والراجح ارساله واخرجه
دارقطنی نے اور صحیح کہا اسکو حاکم نے اور راجح ہی مرسل ہونا اسکا اور نکالا
الترمذي من حديث ابن عمر ايضا وفي اسناده ضعف
اسکو ترمذی نے حدیث سے ابن عمر کی بھی اور اسناد اسکی ضعیف ہی
وعن ابن عباس رضي الله عنهما ان النبي صلى الله عليه
اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم لقي ركبانا بالروحاء فقال من القوم قالوا
وسلم ملے سوار وں سے مقام روحا میں سو فرمایا کون قوم ہی یہہ بولے
المسلمون فقالوا من انت فقال رسول الله فرفعت
مسلمان پھر پوچھا انھوں نے تو کون ہی فرمایا رسول اللہ کا پھر کود مینں لائی
اليه امرأة صبيا فقالت ألهذا حج قال نعم ولك
اُنکے پاس ایک عورت ایک لڑکے کی سو بولی کیا اسکے واسطے بھی حج ہی فرمایا ہاں اور تجکو

اَخرجواہ مسلم وعنہ قال کان الفضل بن عباس
نوابن ہی روایت کیا اسکو مسلم نے اور اسی سے ہی کہا تھا فضل ابن عباس
رَدِیفَ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتِ امْرَاَۃٌ
سوار پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو آئی ایک عورت قوم
مِنْ خَثْعَمَ فَجَعَلَ الْفَضْلُ یَنْظُرُ اِلَیْھَا وَتَنْظُرُ اِلَیْہِ
خثعم سے پھر لگا فضل دیکھنے اسکی طرف اور وہ دیکھنے لگی اسکی
وَجَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَصْرِفُ وَجْہَ الْفَضْلِ
طرف اور لگے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھیرنے منہ فضل کا
اِلَی الشِّقِّ الْاٰخَرِ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ فَرِیْضَۃَ
دوسری جانب سو بولی یا رسول اللہ بیشک فرض
اللّٰہِ عَلٰی عِبَادِہٖ فِی الْحَجِّ اَدْرَکَتْ اَبِیْ شَیْخًا کَبِیْرًا
اللہ کا جو اسکے بندوں پر ہی حج میں نے پایا اسنے میرے باپ کو کہ وہ بوڑھا بہت ہی
لَا یَثْبُتُ عَلَی الرَّاحِلَۃِ اَفَاَحُجُّ عَنْہُ قَالَ نَعَمْ وَذٰلِکَ
نہیں ٹھہر سکتا اونٹ پر کیا پھر حج کروں میں اسکی طرف سے فرمایا ہاں اور یہ
فِی حَجَّۃِ الْوَدَاعِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِیِّ
قصہ حجۃ الوداع میں متفق علیہ ہی اور عبارت بخاری کی ہی ۔

* وعنہ اَنَّ امْرَاَۃً جُھَیْنَۃَ جَاءَتْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
اور اسی سے ہی کہ ایک عورت قوم جہینہ کی آئی نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ اُمِّي نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ فَلَمْ
وسلم کی طرف سو تو بولی کہ مانی میری نذر نے کہ حج کرے پھر انتقال
تَحُجَّ حَتّٰى مَاتَتْ اَفَاَحُجُّ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ حُجِّي
نہ حج کا یہاں تک کہ مر گئی کیا پھر حج کروں اُسکی طرف سے فرمایا ہاں حج کرو تو
عَنْهَا اَرَاَيْتِ لَوْ كَانَ عَلٰى اُمِّكِ دَيْنٌ اَكُنْتِ قَاضِيَتَهٗ
اُسکی طرف سے بھلا اگر ہوتا ماں پر تیری قرض کیا تو ادا کرتی اُسے
اِقْضُوا اللّٰهَ فَاللّٰهُ اَحَقُّ بِالْوَفَاءِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ
ادا کرو اللہ کا سو اللہ زیادہ لائق ہی وفا کے روایت کیا اُسکو بخاری نے
وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا
اور اُسی سے ہی کہا فرمایا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اُنپر اور سلام ہو اُسکا
صَبِيٍّ حَجَّ ثُمَّ بَلَغَ الْحِنْثَ فَعَلَيْهِ اَنْ يَحُجَّ حَجَّةً
کہ حج کرے پھر پہنچے جوانی کو تو اُسپر لازم ہی کہ کرے دوسرا حج
اُخْرٰى وَاَيُّمَا عَبْدٍ حَجَّ ثُمَّ اُعْتِقَ فَعَلَيْهِ حَجَّةٌ
اور جو غلام کہ حج کرے پھر آزاد ہو تو اُسپر دوسرا حج ہی
اُخْرٰى رَوَاهُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَرِجَالُهٗ
روایت کیا اُسکو ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے اور راوی اُسکے
ثِقَاتٌ اِلَّا اَنَّهٗ اُخْتُلِفَ فِيْ رَفْعِهٖ وَالْمَحْفُوْظُ اَنَّهٗ هُوَ
معتبر ہیں مگر اختلاف کیا ہی رفع میں اُسکے اور محفوظ بھی ہی کہ وہ

مَوْقُوفًا وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

موقوف ہی۔ اور اُسی سے ہی کہا سُنا میں نے رسول خدا سے رحمت اللہ کی اُس پر

وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَقُوْلُ لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا

اور وسلام کہ خطبہ پڑھتے کہتے نہ تنہا خلوت کرے مرد عورت کے ساتھ مگر

وَمَعَهَا ذُوْ مَحْرَمٍ وَلَا تُسَافِرِ الْمَرْاَةُ اِلَّا مَعَ ذِيْ مَحْرَمٍ

جب اُسکے ساتھ محرم ہو اور نہ سفر کرے عورت مگر ساتھ محرم کے

فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ

پھر کھڑا ہوا ایک مرد عرض کیا اُسنے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

امْرَاَتِيْ خَرَجَتْ حَاجَّةً وَاِنِّيْ اكْتُتِبْتُ فِيْ غَزْوَةِ

عورت میری نکلی حج کو اور میں لکھا گیا فلانی فلانی

كَذَا وَكَذَا قَالَ انْطَلِقْ فَحُجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ مُتَّفَقٌ

لڑائی میں فرمایا چلا جا سو حج کر اپنی عورت کے ساتھ متفق

عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

علیہ اور عبارت مسلم کی ہی۔ اور اُسی سے ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

سَمِعَ رَجُلًا يَقُوْلُ لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ قَالَ مَنْ شُبْرُمَةُ

نے سنا ایکمرد کو کہ کہتا ہی لبیک شبرمہ کی طرف سے فرمایا شبرمہ کون ہی

قَالَ اَخٌ اَوْ قَرِيْبٌ لِيْ قَالَ حَجَجْتَ عَنْ نَفْسِكَ

کہا بھائی ہی یا قریب میرا فرمایا حج کیا تو نے اپنی طرف سے

قَالَ لَا قَالَ حُجَّ عَنْ نَفْسِكَ ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ

کہا نہیں فرمایا حج کر اپنی طرف سے پھر حج کر شبرمہ کی طرف سے

رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ابن ماجہ نے اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے

وَالرَّاجِحُ عِنْدَ اَحْمَدَ وَقْفُهُ وَعَنْهُ قَالَ خَطَبَنَا

اور راجح ہی نزدیک احمد کے وقف اسکا اور اسی سے ہی کہا خطبہ پڑھا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کہ اللہ نے مقرر کیا تم پر

الْحَجَّ فَقَامَ الْاَقْرَعُ ابْنُ حَابِسٍ فَقَالَ اَفِيْ كُلِّ

حج سو کھڑا ہوا اقرع ابن حابس پھر کہا کیا ہر سال

عَامٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَوْ قُلْتُهَا لَوَجَبَتِ الْحَجَّ مَرَّةً

یا رسول اللہ فرمایا وقت ٹھہرایا ہی میں نے اسکا کہ واجب ہی حج ایک مرتبہ

فَمَا زَادَ فَهُوَ تَطَوُّعٌ رَوَاهُ الْخَمْسَةُ غَيْرُ التِّرْمِذِيِّ

پھر جو زیادہ ہو سو وہ نفل ہی روایت کیا اسکو پانچوں نے سوائے ترمذی کے

وَاَصْلُهُ فِيْ مُسْلِمٍ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ۞ بَابُ

اور اصل اسکی مسلم میں ہی حدیث سے ابی ہریرہ کی ۞ باب

الْمَوَاقِيْتِ ۞ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ

احرام کے ٹھکانوں کا ۞ روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ
کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت ٹھہرا دیئے مدینہ والوں کے واسطے
ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ
ذوالحلیفہ اور شام والوں کے واسطے جحفہ اور نجد والوں کے واسطے
قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ هُنَّ لَهُنَّ وَ
قرن المنازل اور یمن والوں کے واسطے یلملم یہ مقام وہاں والوں کے واسطے ہیں اور
لِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِنَّ مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ
جو آوے اُن مقاموں پر اور جگہوں سے ارادہ کرے حج
وَالْعُمْرَةَ وَمَنْ كَانَ دُونَ ذَلِكَ فَمِنْ حَيْثُ شَاءَ حَتَّى
اور عمرے کا اور جو ہو نزدیک اس سے تو جہاں سے چاہے یہاں تک کہ
أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ
مکے والا مکے سے متفق علیہ ہے * اور عائشہ رضی اللہ
عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ
عنہا سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام ٹھہرایا عراق والوں کے واسطے
ذَاتَ عِرْقٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَصْلُهُ عِنْدَ
ذات عرق روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور اصل اسکی نزدیک
مُسْلِمٍ مِنْ حَدِيثِ جَابِرٍ إِلَّا أَنَّ رَاوِيَهُ شَكَّ فِي
مسلم کے ہی حدیث سے جابر کی مگر راوی نے اسکے شک کیا ہی

رَفَعَهٗ وَفِي الْبُخَارِيِّ اَنَّ عُمَرَ هُوَ الَّذِيْ وَقَّتَ
رفع میں اسکے اور بخاری میں ہے کہ عمر ہی ہے جسنے مقام تھہرایا
ذَاتَ عِرْقٍ وَلِاَحْمَدَ وَاَبِيْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيِّ
ذات عرق اور احمد کے نزدیک احمد اور ابی داؤد اور ترمذی کے ہی
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِاَهْلِ الْمَشْرِقِ الْعَقِيْقَ * بَابُ وُجُوْبِ
وسلم نے وقت ٹھہرایا پورب والوں کے واسطے عقیق * باب احرام کے
الْاِحْرَامِ وَصِفَتِهٖ * عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا
واجب ہونے کا اور اُسکی صفت کا * روایت ہی عایشہ رضی اللہ عنہا
قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ
سے کہا نکلیں ہم ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حجۃ
الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ
الوداع میں سو بعضا ہمارا لبیک پکارتا عمرے کا اور بعضا ہمارا لبیک پکارتا حج
وَعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ وَاَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور عمرے کا اور بعضا ہمارا لبیک پکارتا حج کا اور لبیک پکارتے نبی صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ فَاَمَّا مَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ فَحَلَّ وَاَمَّا مَنْ
وسلم حج کا سو جو لبیک پکارتا عمرے کا سو احرام اُتارتا اور جو

اَهَلَّ بِحَجٍّ اَوْ بِجَمْعٍ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَلَمْ يَحِلُّوْا حَتّٰى كَانَ

لیکا کسی نے حج کا احرام باندھا یا جمع کیا حج اور عمرے کو تو نہ کھولے احرام قربانی کے

يَوْمُ النَّحْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَبَابُ الْاِحْرَامِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهٖ

دن۔ کذا متفق علیہ و باب احرام کا اور جو متعلق ہی اسکے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ مَا اَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ

روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا نہیں احرام کہتے ہی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

صلی اللہ علیہ وسلم مگر نزدیک مسجد کے متفق علیہ ہی

وَعَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور خلاد ابن السائب سے نقل کی اسنے اپنے باپ سے رضی اللہ عنہ

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ

کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آئے میرے پاس جبرئیل

عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اٰمُرَ اَصْحَابِيْ اَنْ يَرْفَعُوْا اَصْوَاتَهُمْ

علیہ السلام پھر حکم کیا مجکو کہ حکم کروں نیچوں کو کہ اونچی کریں اپنی آواز

بِالْاِهْلَالِ رَوَاهُ الْخَمْسَةُ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ

لیکر ساتھ روایت کیا اسکو پانچوں نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی اور ابن

حِبَّانَ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ

حبان نے اور زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا اس کو
صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا اس کو
الترمذی وحسنہ وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما
ترمذی نے اور حسن کہا اس کو ۱۲ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سئل ما یلبس المحرم
کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کیا پہنے احرام والا
من الثیاب قال لا تلبس القمیص ولا العمائم
کپڑوں سے فرمایا نہ پہنے قمیص اور نہ عمامے
ولا السراویلات ولا البرانس ولا الخفاف
اور نہ پاجامے اور نہ ٹوپیاں اور نہ موزے
الا احد لا یجد نعلین فلیلبس الخفین ولیقطعہما
مگر ایک شخص کہ نہ پاوے جوتی تو پہنے موزے اور کاٹ ڈالے
اسفل من الکعبین ولا تلبسوا شیأ من الثیاب
انکو نیچے کعبین سے اور نہ پہنو کچھ کپڑا کہ لگا ہو اسمیں
مسہ الزعفران ولا الورس متفق علیہ واللفظ
زعفران اور نہ ورس ۱۲ ش ۱۲ متفق علیہ ہی اور عبارت
لمسلم ۱۲ وعن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت کنت
مسلم کی ہی ۱۲ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا میں خوشبو

۱۲ ش ۱۲ ایک کپڑا ہے اس سے زرد رنگ کرتے ہیں

أَطْيَبُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِإِحْرَامِهِ قَبْلَ

کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے احرام کے واسطے پہلے

أَنْ يُحْرِمَ وَلِحِلِّهِ قَبْلَ أَنْ يَطُوفَ بِالْبَيْتِ مُتَّفَقٌ

احرام باندھنے کے اور واسطے احرام اُتارنے کے وقت گھر کے طرف پھرنے سے پہلے متفق

عَلَيْهِ * وَعَنْ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ

علیہ ہی * اور حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ سے کہ

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکاح نہ کرے احرام والا

وَلَا يُنْكَحُ وَلَا يَخْطُبُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ * وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ

اور نہ نکاح کیا جاوے اور نہ پیام کرے روایت کیا اُسکو مسلم نے * اور ابی قتادہ

الْأَنْصَارِيِّ فِي قِصَّةِ صَيْدِهِ الْحِمَارَ الْوَحْشِيَّ وَهُوَ

انصاری سے ہی قصے میں شکار کرنے میں اُسکے گورخر کو جب وہ

غَيْرُ مُحْرِمٍ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

احرام میں نہ تھے کہا پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

لِأَصْحَابِهِ وَكَانُوا مُحْرِمِينَ هَلْ مِنْكُمْ أَحَدٌ أَمَرَهُ

یاروں کو اپنے اور وے احرام میں تھے کسی نے تم میں حکم کیا

أَوْ أَشَارَ إِلَيْهِ بِشَيْءٍ قَالُوا لَا قَالَ فَكُلُوا مَا بَقِيَ مِنْ

یا کچھ اشارہ کیا اُسکی طرف بولے نہیں فرمایا کھاؤ جو بچ رہا اُسکا

حکمہ متفق علیہ وعن الصعب بن جثامۃ اللیثی
کو شکے متفق علیہ ہی اور صعب ابن جثامہ لیثی
رضی اللہ عنہ انہ اھدی لرسول اللہ صلی اللہ علیہ
رضی اللہ عنہ سے کہ وہ یہ لائے رسول نبی صلی اللہ علیہ
وسلم حمارا وحشیا وھو بالابواء او بودان
وسلم کے گورخر اور حضرت مقام ابواء میں یا ودان میں سو
فردہ علیہ وقال انا لم نردہ علیک الا انا حرم
پھیر دیا اسکو اس پر اور فرمایا ہم نے پھیر دیا اسکو تجھپر اسواسطے
متفق علیہ وعن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت
کہ ہم محرم ہیں ۔ متفق علیہ ہی اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خمس من الدواب
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ چوپائے ہیں سب
کلھن فاسق یقتلن فی الحرم العقرب والحدأۃ
موذی ہیں مارے جاویں احرام میں بچھو اور چیل
والغراب والفارۃ والکلب العقور متفق علیہ
اور کوا اور چوہا اور کتا کاٹنا ۔ متفق علیہ ہی
وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما ان النبی صلی اللہ علیہ
اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ

وسلم احتجم وهو محرم متفق عليه وعن عبد
وسلم نے سینگی لگائی احرام میں متفق علیہ ہی ۔ اور عبد
بن عجرة رضي الله عنه قال حملت الى رسول
بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے کہا اٹھا لیگئے مجکو ۔ پس نبی
الله صلى الله عليه وسلم والقمل يتناثر على وجهي فقال
صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اور جوئیں گرتی تھیں منہ پر میرے سو فرمایا
ما كنت ارى الوجع بلغ بك ما ارى تجد شاة قلت
نہیں معلوم تھا مجکو جو پہنچی تجکو ایذا انہیں دیکھتا ہوں میں کہ پاوے تو بکری کہا میں نے
لا قال فصم ثلاثة ايام او اطعم ستة مساكين لكل
نہیں فرمایا روزہ رکھ تین دن یا کھانا کھلا چھ مسکین کو ہر
مسكين نصف صاع متفق عليه ۔ وعن ابي هريرة
مسکین کو آدھا صاع متفق علیہ ہی ۔ اور ابی ہریرہ
رضي الله عنه قال لما فتح الله تعالى على رسوله
رضی اللہ عنہ سے ہی کہا جب فتح کیا اللہ نے رسول پر اپنے
مكة قام رسول الله صلى الله عليه وسلم في الناس
مکہ کو کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں
فحمد الله واثنى عليه ثم قال ان الله تعالى حبس
پس حمد کیا اللہ کی اور ثنا کی اسپر پھر فرمایا کہ اللہ تعالی نے باز رکھا

عَنْ مَكَّةَ الْفِيلَ وَسَلَّطَ عَلَيْهَا رَسُولَهُ وَالْمُؤْمِنِينَ
کے ہاتھی والوں کو اور مسلط کیا اس پر رسول کو اپنے اور مومنوں کو
وَإِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ كَانَ قَبْلِي وَإِنَّمَا أُحِلَّتْ لِي
اور بیشک حلال نہیں ہوا کسی کو جو مجھ سے پہلے اور حلال ہوا میرے
سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ وَإِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ بَعْدِي فَلَا يُنَفَّرُ
لئے ایک ساعت دن میں اور وہ نہیں حلال ہو کسی کو میرے بعد سو بھگا دیں
صَيْدُهَا وَلَا يُخْتَلَى شَوْكُهَا وَلَا يَحِلُّ سَاقِطَتُهَا إِلَّا
شکار کو اس کے اور نہ کاٹا جاوے کانٹا اس کا اور نہ حلال ہو کوئی چیز اس کی
لِمُنْشِدٍ وَمَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ فَقَالَ
مگر واسطے ڈھونڈنے والے کے اور جس کا مارا گیا کوئی سو وہ اختیار رکھتا ہے سو کہا
الْعَبَّاسُ إِلَّا الْإِذْخِرَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَإِنَّا نَجْعَلُهُ فِي
عباس نے اذخر کو چھوڑ کر * پس * یا رسول اللہ سو ہم ڈالتے ہیں اس کو
قُبُورِنَا وَبُيُوتِنَا فَقَالَ إِلَّا الْإِذْخِرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ
قبروں اپنی اور گھروں اپنے سو فرمایا اذخر کے سوا متفق علیہ ہے * اور
عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ
عبد اللہ ابن زید ابن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ
رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابراہیم نے حرم ٹھہرایا

* پس * اذخر ایک گھاس ہے خوشبو

مَكَّةَ وَدَعَا لِاَهْلِهَا وَاِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِيْنَةَ كَمَا حَرَّمَ

کے کو اور دعا کی اُسکے لوگوں کے واسطے اور میں نے حرم کیا مدینے کو جیسا حرام ٹھہرایا

اِبْرَاهِيْمُ مَكَّةَ وَاِنِّي دَعَوْتُ فِيْ صَاعِهَا وَمُدِّهَا

ابراہیم نے مکے کو اور میں نے دعا کی صاع میں اُسکے اور مد میں اُسکے

بِمِثْلَيْ مَا دَعَا بِهِ اِبْرَاهِيْمُ لِاَهْلِ مَكَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

دونا ہونے کو جو دعا کی اُسکی ابراہیم نے مکے والوں کے لئے متفق علیہ ہی

• وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ

اور علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ

فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ حرم ہی کوہ عیر کے درمیان

عَيْرٍ اِلٰى ثَوْرٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ • بَابُ صِفَةِ الْحَجِّ وَ

ثور تک روایت کیا اُسکو مسلم نے • باب حج کی صفت کا اور

دُخُوْلِ مَكَّةَ • وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ

مکے میں داخل ہونے کا • روایت ہی جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ

عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّ فَخَرَجْنَا مَعَهٗ

عنہما سے مقرر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کیا سو نکلے ہم اُنکے

حَتّٰى اَتَيْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ فَوَلَدَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ

ساتھ یہاں تک کہ آئے ہم ذالحلیفہ میں سو جنی اسماء بنت عمیس

فَقَالَ اغْتَسِلِي وَاسْتَثْفِرِي بِثَوْبٍ وَأَحْرِمِي وَ

پھر فرمایا حضرت نے غسل کر اور لنگوٹ باندھ کپڑے کی اور احرام باندھ

صَلِّي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ

اور نماز پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں (ذی الحلیفہ کی) پھر

رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتَّى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ

سوار ہوئے ناقہ قصوی پر یہاں تک کہ لے پہنچی وہ حضرت کو بیداء میں

أَهَلَّ بِالتَّوْحِيدِ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ

آواز دی حضرت نے توحید کے ساتھ ای اللہ حاضر ہوں میں حاضر

لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا

نہیں کوئی تیرا شریک حاضر ہوں میں سب خوبیاں اور نعمتیں تجھی کو ہیں اور راج بھی تیرا

شَرِيكَ لَكَ حَتَّى إِذَا أَتَيْنَا الْبَيْتَ اسْتَلَمَ الرُّكْنَ فَرَمَلَ

کوئی نہیں شریک یہاں تک کہ جب آئے ہم کعبے پاس چوما حضرت نے حجر اسود کو پھر ہلتے چلے

ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا ثُمَّ أَتَى مَقَامَ إِبْرَاهِيمَ فَصَلَّى

تین پھیرے اور عادت پر چلے چار پھیرے پھر آئے مقام ابراہیم پاس پھر نماز پڑھی

ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ

پھر پھرے حجر اسود کی طرف اور چوما اسے پھر نکلے دروازے سے

إِلَى الصَّفَا فَلَمَّا دَنَى مِنَ الصَّفَا قَرَأَ إِنَّ الصَّفَا

صفا کی طرف پھر جب نزدیک ہوئے صفا سے پڑھا مقرر

اور مقصود اصلی یہاں جانا حسی قادیانی بیت اللہ اور وہی کہ رسول اللہ اصلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے قصد کرنے کا حکم

وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ اَبْدَءُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهٖ فَبَدَأَ
اور مروہ نشانیوں سے اسکی میں شروع کرتا ہوں جسسے شروع کیا اللہ نے اور پھر
بِالصَّفَا حَتّٰى رَاَى الْبَيْتَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَوَحَّدَ
صفا پر یہانتک کہ دیکھا کعبے کو پھر منہ کیا قبلے کیطرف پھر توحید کی اللہ
اللّٰهَ وَكَبَّرَهٗ وَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ
کی اور بڑائی کہی اور فرمایا نہیں لایق پوجنے کے مگر اللہ فقط نہیں شریک اسکا کوئی
الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا اِلٰهَ
اسیکا راج ہی اور اسیکو خوبیاں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر رکھتا ہی نہیں لایق
اِلَّا اللّٰهُ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ
پوجنے کے مگر اللہ سچا کیا اپنا وعدہ اور مدد کی اپنے بندے کی اور زبردست کیا کافروں کو
وَحْدَهٗ ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ نَزَلَ
اکیلا پھر دعا کی درمیان اسکے تین مرتبہ پھر اترے
اِلَى الْمَرْوَةِ حَتّٰى اِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ بَطْنِ
جسی حال میں وہ تنہا ہی پھر دعا کی درمیان اسکے تین مرتبہ پھر اترے
الْوَادِيْ سَعٰى حَتّٰى اِذَا صَعِدَتْ مَشٰى اِلَى الْمَرْوَةِ
چلے کو مروے کیطرف یہانتک کہ جب نیچے آئے پاؤں اسکے بطن
فَفَعَلَ عَلَى الْمَرْوَةِ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ
وادی میں دوڑے یہانتک کہ جب چڑھ گئے چلے مروے کیطرف
یہ کیا مروے پر جیسے کیا تھا صفا پر پھر ذکر کی ساری حدیث

فيه فلما كان يوم التروية توجهوا الى منا وركب
اور اسمیں بھی سو جب پہلی آٹھویں ذی الحجہ کی منہ موڑے منا کیطرف
النبي صلى الله عليه وسلم فصلى بها الظهر والعصر
اور سی اللہ جو کی صلی اللہ علیہ وسلم پھر پڑھی منا میں ظہر اور عصر
والمغرب والعشاء والفجر ثم مكث قليلا حتى
اور مغرب اور عشا اور فجر پھر ٹھہرے تھوڑا یہاں تک کہ
طلعت الشمس فاجاز حتى اتى عرفة فوجد
نکلا سورج پھر چلے یہاں تک کہ آئے میدان عرفات میں پھر پایا
القبة قد ضربت له بنمرة فنزل بها حتى اذا زالت
خیمہ کھڑا واسطے اُنکے نمرہ میں * پھر اُترے اُسمیں یہانتک کہ جب ڈھلا
الشمس امر بالقصواء فرحلت له فاتى بطن الوادي
سورج حکم کیا قصوی کو سو پالان کیا گیا اُسکو واسطے اُنکے پھر آئے بطن وادی میں
فخطب الناس ثم اقام فصلى الظهر ثم اقام
پھر خطبہ سُنایا لوگوں کو پھر اقامت کہنے کا حکم کیا پھر پڑھی ظہر پھر اقامت کہنے کا حکم کیا
فصلى العصر ولم يصل بينهما شيئا ثم ركب
پھر پڑھی عصر اور نہ پڑھی اُنکے بیچ میں کچھ پھر سوار ہوئے
حتى اتى الموقف فجعل بطن ناقة القصواء الى
یہانتک کہ آئے ٹھہرنے کی جگہ میں پھر کیا پیٹ ناقہ قصوی کا پتھروں کی

الصَّخَرَاتِ وَجَعَلَ حَبْلَ الْمُشَاةِ بَيْنَ يَدَيْهِ وَ
حضرت اور کیا حبل المشاۃ جو وہ ہے آگے اپنے اور مقرر کیا
الْقِبْلَةَ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَ
قبلے کو پھر برابر کھڑے رہے یہاں تک کہ ڈوبا سورج اور
ذَهَبَتِ الصُّفْرَةُ قَلِيْلًا حَتّٰى اِذَا غَابَ الْقُرْصُ دَفَعَ
گئی زردی تھوڑی یہاں تک کہ جب غایب ہوا گرد آفتاب کا پھر
وَقَدْ شَنَقَ لِلْقَصْوَاءِ الزِّمَامَ حَتّٰى اَنَّ رَاْسَهَا لَيُصِيْبُ
اور کھینچی قصوی کی مہار یہاں تک کہ سر اسکا پہنچا تھا
مَوْرِكَ رِحْلِهٖ وَيَقُوْلُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى يَا اَيُّهَا النَّاسُ
حضرت کے پاؤں کے موڑہ کی نعل تک اور اشارہ کرتے دہنے ہاتھ سے اپنے اے لوگ
اَلسَّكِيْنَةَ اَلسَّكِيْنَةَ كُلَّمَا اَتٰى جَبَلًا اَرْخٰى لَهَا قَلِيْلًا
چین سے چلو چین سے جلو جب آئے پہاڑ پر ڈھیلی کی مہار تھوڑی
حَتّٰى تَصْعَدَ حَتّٰى اَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَصَلّٰى بِهَا
یہاں تک کہ چڑھے یہاں تک کہ آئے مزدلفہ میں پھر نماز پڑھی اُسمیں
الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِاَذَانٍ وَاحِدٍ وَاِقَامَتَيْنِ وَلَمْ
مغرب اور عشا کی ایک اذان اور دو اقامت سے اور نہ نفل
يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ
پڑھی انکے بیچ میں کچھ پھر لیٹے یہاں تک کہ فجر ہوئی

فَصَلَّى الْفَجْرَ حِيْنَ تَبَيَّنَ لَهُ الصُّبْحُ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ
پھر نماز پڑھی فجر کی جب روشن ہوئی اُنکو صبح ایک اذان اور اقامت سے
ثُمَّ رَكِبَ حَتّٰى أَتَى الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ فَاسْتَقْبَلَ
پھر سوار ہوئے یہاں تک کہ آئے مشعر الحرام مزدلفہ میں پس منہ کیا
الْقِبْلَةَ فَدَعَا وَكَبَّرَ وَهَلَّلَ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى
قبلہ کی طرف پھر دعا کی اور تکبیر پڑھی اور تہلیل کی پھر کھڑے رہے یہانتک
أَسْفَرَ جِدًّا فَدَفَعَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَتّٰى
کہ صبح ہوئی خوب روشن پھر چلے پہلے سورج نکلنے سے یہان تک کہ
أَتَى بَطْنَ مُحَسِّرٍ فَحَرَّكَ قَلِيْلًا ثُمَّ سَلَكَ الطَّرِيْقَ
آئے وادی محسر میں پھر تیز چلایا (ناقہ کو) تھوڑا پھر چلے بیچ کی
الْوُسْطٰى الَّتِيْ تَخْرُجُ عَلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرٰى حَتّٰى
راہ جو نکلتی ہی جمرۂ کبری پر یہان تک کہ آئے
أَتَى الْجَمْرَةَ الَّتِيْ عِنْدَ الشَّجَرَةِ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ
اُس جمرہ پاس جو درخت کے پاس ہی پھر ماریں اُسکو سات
حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِنْهَا مِثْلَ حَصَى
کنکریاں تکبیر کہتے ہوئے ساتھ ہر کنکری کے جیسے کنکری انگلیوں سے
الْخَذْفِ رَمٰى مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ ثُمَّ انْصَرَفَ
نشان مارنے کی ماریں کنکریاں میدان کے بیچ سے پھر پھر آئے

* پس مزدلفہ میں ایک مقام کا نام مشعر الحرام ہی تو جو بھی اُسے کہتے ہیں

إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ ثُمَّ رَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قربانی کی جگہ کے پاس پھر کر کیا پھر سوار ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فَأَفَاضَ إِلَى الْبَيْتِ فَصَلَّى بِمَكَّةَ الظُّهْرَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

پھر پھرے بیت اللہ کی طرف پھر نماز پڑھی مکہ میں ظہر کی روایت کیا اسکو مسلم نے

مُطَوَّلًا ۔ وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

دراز عبارت سے ۔ اور روایت ہی خزیمہ ابن ثابت رضی اللہ عنہ سے

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ فِي

بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب فراغت کرتے تلبیہ سے

حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ سَأَلَ اللّٰهَ رِضْوَانَهُ وَالْجَنَّةَ وَاسْتَعَاذَ

حج یا عمرے میں چاہتے اللہ سے رضامندی اسکی اور جنت اور پناہ مانگتے

بِرَحْمَتِهِ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ بِإِسْنَادٍ ضَعِيفٍ

اسکی رحمت کے ساتھ آگ سے روایت کیا اسکو شافعی نے اسناد ضعیف سے لیکن

۔ وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

اور روایت ہی جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحَرْتُ هٰهُنَا وَمِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ

صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کی میں نے یہاں اور منا تمام قربانی کی جگہ ہے

فَانْحَرُوا فِي رِحَالِكُمْ وَوَقَفْتُ هٰهُنَا وَعَرَفَةُ كُلُّهَا

سو قربانی کرو اپنے آثار گاہ منیٰ اور ٹھہرا میں یہاں اور عرفات سارا

مَوْقِفٌ وَوَقَفْتُ هٰهُنَا وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

موقف ہی اور کہا اسوا میں یہاں اور جمع سارا اسکا موقف ہی روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی مرفوع نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ لَمَّا جَاءَ اِلٰى مَكَّةَ دَخَلَهَا مِنْ اَعْلَاهَا وَخَرَجَ

وسلم جب آئے مکے میں داخل ہوئے اوپر سے اسکے اور نکلے

مِنْ اَسْفَلِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۞ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ

نیچے سے اسکے متفق علیہ ہی ۞ اور روایت ہی ابن عمر رضی اللہ

عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ لَا يَقْدَمُ مَكَّةَ اِلَّا بَاتَ بِذِي طُوًى

عنہما سے کہ وہ نہ آتے تھے مکے میں بغیر ہونے کے ذی طوی میں

حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَغْتَسِلَ وَيَذْكُرَ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ

یہاں تک کہ صبح ہوتی اور غسل کرتے اور ذکر کرتے اسکا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۞ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

صلی اللہ علیہ وسلم سے متفق علیہ ہی ۞ اور روایت ہی ابن عباس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ وَيَسْجُدُ

رضی اللہ عنہما سے کہ وہ بوسہ دیتے تھے حجر اسود کو اور سجدہ کرتے

عَلَيْهِ رَوَاهُ الْحَاكِمُ مَرْفُوْعًا وَالْبَيْهَقِيُّ مَوْقُوْفًا ۞ وَعَنْهُ

اوپر روایت کیا اسکو حاکم نے سند مرفوع سے اور بیہقی نے موقوف ۞ اور اسی سے ہی

قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّرْمُلُوْا ثَلَاثَۃَ

کہا حکم کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دوڑیں کریں (یعنی دوڑ کر چلیں) تین

اَشْوَاطٍ وَّیَمْشُوْنَ اَرْبَعًا مَا بَیْنَ الرُّکْنَیْنِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

پھیروں میں اور مشی کریں (یعنی آہستہ) چار شوط درمیان دو رکنوں کے متفق علیہ ہے

وَعَنْہُ قَالَ لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَلِمُ

اور اُسی سے ہے کہا نہیں دیکھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسا لیتے

مِنَ الْبَیْتِ غَیْرَ الرُّکْنَیْنِ الْیَمَانِیَیْنِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

بیت اللہ کا سوا دو رکنوں کے جو یمن کیطرف ہیں روایت کیا اُسکو مسلم نے

وَعَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَبَّلَ الْحَجَرَ وَقَالَ

اور روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ اُسنے بوسا دیا حجر اسود کو اور کہا

اِنِّیْ اَعْلَمُ اَنَّکَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْلَا اَنِّیْ

میں خوب جانتا ہوں کہ تو پتھر ہی ہے نہ ضرر پہنچا سکتا ہی نہ نفع اور اگر نہ میں

رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُکَ مَا قَبَّلْتُکَ

دیکھتا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسا لیتے تجکو تو بوسا نہ لیتا میں تیرا

مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ۔ وَعَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ

متفق علیہ ہے اور روایت ہے ابی طفیل رضی اللہ عنہ سے کہا

رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَطُوْفُ بِالْبَیْتِ

دیکھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو طواف کرتے بیت اللہ

وضو کرنے سے کلی کرنے تک کے مسائل

وَيَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ مَعَهُ وَيُقَبِّلُ الْمِحْجَنَ

اور چومتے حجر اسود کو اپنے ساتھ کی لکڑی سے اور چومتے لکڑی کو

رَوَاهُ مُسْلِمٌ ۞ وَعَنْ يَعْلَى ابْنِ أُمَيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ

روایت کیا اُسکو مسلم نے ۞ اور روایت ہی یعلی ابن امیہ رضی اللہ تعالیٰ

عَنْهُ قَالَ طَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَبِعًا

سے کہا طواف کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان بغل سے باندھ موڈھے پر

بِبُرْدٍ أَخْضَرَ رَوَاهُ الْخَمْسَةُ إِلَّا النَّسَائِيَّ وَصَحَّحَهُ

دوائے سبز چادر کو ۞ روایت کیا اُسکو پانچوں نے مگر نسائی اور صحیح کہا اُسکو

التِّرْمِذِيُّ ۞ وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ

ترمذی نے ۞ اور روایت ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہا لبیک کہتا تھا

يُهِلُّ مِنَّا الْمُهِلُّ فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ

ہم میں لبیک کہنے والا سو نہ انکار کرتا کوئی اُسپر اور تکبیر کہتا تکبیر کہنے والا

فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۞ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ

سو نہ انکار کرتا کوئی اُسپر متفق علیہ ہی ۞ اور روایت ہی ابن عباس رضی

اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي

اللہ عنہما سے کہا بھیجا مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسباب کے

الثَّقَلِ أَوْ قَالَ فِي الضَّعَفَةِ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ رَوَاهُ

ساتھ یا کہا ضعیفوں کے ساتھ جمع سے رات کو روایت کیا اُسکو

مرض ۱۲ اصباغ چادر کو بغل سے باندھ موڈھے پر ڈالنا

سُلَيْمٍ * وعن عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتِ اسْتَأْذَنَتْ

مسلم نے * اور روایت ہی عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اذن چاہا

سَوْدَةُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ أَنْ

سودہ نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مزدلفہ کی رات کو کہ

تَدْفَعَ قَبْلَهُ وَكَانَتْ ثَبَطَةً تَعْنِي ثَقِيلَةً فَأَذِنَ لَهَا مُتَّفَقٌ

چلے پہلے اُسکے اور تھی وہ ثبطہ یعنی بھاری سو اذن دیا حضرت نے اُسکو متفق

عَلَيْهِ * وعن ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ

علیہ ہی * اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا ہمکو پیغمبر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْمُوا الْجَمْرَةَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ مارو کنکر جب تک نکلے سورج

رَوَاهُ الْخَمْسَةُ إِلَّا النَّسَائِيَّ وَفِيهِ انْقِطَاعٌ * وعن عَائِشَةَ

روایت کیا اُسکو پانچوں نے مگر نسائی اور اُسمیں انقطاع ہی * اور عائشہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ أَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہا سے کہا بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

بِأُمِّ سَلَمَةَ لَيْلَةَ النَّحْرِ فَرَمَتِ الْجَمْرَةَ قَبْلَ الْفَجْرِ

ام سلمہ کو نحر کی رات کو سو کنکری ماری اُنھوں نے جمرہ کو پہلے فجر کے

ثُمَّ مَضَتْ فَأَفَاضَتْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَإِسْنَادُهُ عَلَى

پھر گئیں پھر طواف افاضہ کیا روایت کیا اُسکو ابوداؤد نے اور اسناد اُسکی

شرط مسلم * وعن عروة بن مضرس رضي الله
مسلم کی طرز پر ہے * اور روایت کی عروہ بن مضرس رضی اللہ
عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من شهد
عنہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے پائی
صلوتنا هذه يعني المزدلفة فوقف معنا حتى ندفع
نماز ہماری جو یہی یعنے مزدلفہ میں پھر ٹھہرا ہمارے ساتھ جب تک چلیں ہم
وقد وقف بعرفة قبل ذلك ليلا او نهارا فقد
اور ٹھہرا عرفات میں پہلے اُسکے رات کو یا دن کو سو تحقیق
تم حجه وقضى تفثه رواه الخمسة وصححه
تمام ہوا حج اُسکا اور پوری کیں اُسنے حج کی شرطونکو روایہ کیا اُسکو پانچوں نے
الترمذي وابن خزيمة * وعن عمر رضي الله
صحیح کہا اُسکو ترمذی اور ابن خزیمہ نے * اور روایت ہی عمر رضی اللہ
عنه قال ان المشركين كانوا لا يفيضون حتى تطلع
عنہ سے کہا کہ مشرک نہ پھرتے تھے مزدلفہ سے جب تک نکلے
الشمس ويقولون اشرق ثبير وان النبي صلى الله عليه
سورج اور کہتے تھے روشن ہوا کوہ ثبیر * اور نبی صلی اللہ علیہ
وسلم خالفهم ثم افاض قبل ان تطلع الشمس
وسلم نے خلاف کیا اُنکا پھر پھرے سورج کے نکلنے سے پہلے

مش * ثبیر نام پہاڑ کا ہے مکے میں

رواہ البخاری وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما

وَاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَا لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اور اسامہ ابن زید سے کہا دونوں نے ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ رَوَاهُ

وسلم لبیک کہتے جب تک کنکر مارے جمرۂ عقبہ کو روایت کیا اسکو

الْبُخَارِيُّ * وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ اَنَّهُ جَعَلَ

بخاری نے * اور عبد اللہ ابن مسعود سے روایت ہی کہ انہوں نے کیا

الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ وَمِنًى عَنْ يَمِيْنِهِ وَرَمَى الْجَمْرَةَ

بیت اللہ کو بائیں اپنے اور منا کو داہنے اپنے اور مارا جمرے کو

بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَقَالَ هٰذَا مَقَامُ الَّذِيْ اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ

سات کنکر یاں اور کہا یہ وہ مقام ہی کہ نازل ہوئی آنحضرت پر

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ

سورت بقرہ متفق علیہ ہی * اور روایت ہی جابر رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ رَمَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ

عنہ سے کہا مارا ہی کنکری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرے کو

يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى وَاَمَّا بَعْدُ ذٰلِكَ فَاِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ

قربانی کے دن دوپہر کے اندر اور بعد اسکے پھر جب ڈھلا سورج

رواہ مسلم ۔ وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما انہ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے وہ

کان یرمی الجمرۃ الدنیا بسبع حصیات یکبر علی

مارتے تھے پہلی جمرہ کو سات کنکریاں تکبیر کہتے ہر

اثر کل حصاۃ ثم یتقدم ثم یسہل فیقوم

ہر کنکری کے پھر آگے بڑھتے پھر زمین سہل میں آتے پھر کھڑے ہوتے

فیستقبل القبلۃ فیقوم طویلا ویدعو فیرفع

پھر منہ کرتے قبلے کیطرف پھر کھڑے رہتے دیر تک اور دعا کرتے پھر اٹھاتے

یدیہ ثم یرمی الوسطی ثم یاخذ ذات الشمال

ہاتھ اپنے پھر مارتے جمرۂ وسطی کو پھر لیتے بائیں جانب

فیسہل ویقوم مستقبل القبلۃ ثم یدعو فیرفع

پھر زمین سہل میں آتے اور کھڑے ہوتے منہ قبلے کیطرف پھر دعا کرتے پھر اٹھاتے

یدیہ ویقوم طویلا یرمی جمرۃ ذات العقبۃ من

ہاتھ اپنے اور کھڑے رہتے دیر تک مارتے جمرہ عقبہ والے کو درمیان سے

بطن الوادی ولا یقف عندہا ثم ینصرف فیقول

وادی کے اور نہ کھڑے رہتے اسکے پاس پھر پھرتے اور کہتے

ہکذا رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفعلہ رواہ

اسیطرح دیکھا میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے ہوئے روایت کیا اسکو

البخاري وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال
بخاری نے اور اسی سے مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
اللهم ارحم المحلقين قالوا والمقصرين يا رسول
اے اللہ رحم کر بہت سے حلق والوں پر ہوئے اور کترانے والوں پر یا رسول
الله قال في الثالثة والمقصرين متفق عليه ۔ وعن
اللہ فرمایا تیسری دفع اور کترانے والوں پر متفق علیہ ہی ۔ اور
عبد الله بن عمرو بن العاص رضي الله عنه ان
عبد اللہ ابن عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہ سے مقرر
رسول الله صلى الله عليه وسلم وقف في حجة الوداع
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرے حجۃ الوداع میں
فجعلوا يسألونه فقال رجل لم اشعر فحلقت قبل
پھر لگے پوچھنے اُنسے پھر کہا ایک شخص نے نہ جانکر حلق کیا میں نے پہلے
ان اذبح قال اذبح ولا حرج وجاء آخر فقال لم
ذبح کے فرمایا ذبح کر اور حرج نہیں اور آیا دوسرا پھر کہا نہ جانکر
اشعر فنحرت قبل ان ارمي قال ارم ولا حرج
نحر کیا میں نے رمی کے آگے فرمایا رمی کر اور حرج نہیں
فما سئل يومئذ عن شيء قدم ولا اخر الا قال افعل
پھر نہ پوچھے گئے اُس دن کسی چیز کے پہلے کرنے اور پیچھے کرنے سے مگر فرمایا کہ

وَلَا حرج متفق عليه وعن المسور بن مخرمة رضي
اور کچھ گناہ نہیں متفق علیہ ہے اور روایت ہی مسور ابن مخرمہ رضی
اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نحر قبل ان یحلق
اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نحر کیا پہلے حلق کے
وامر اصحابہ بذلک رواہ البخاری وعن عائشة
اور حکم کیا اپنے اصحاب کو اسی کا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہی عائشہ
رضی اللہ عنہا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
رضی اللہ عنہا سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا نے رحمت اللہ کی اوپر
وسلم اذا رمیتم وحلقتم فقد حل لکم الطیب
اور سلام جب رمی کر چکے اور حلق کر چکے تم تو البتہ حلال ہوئی تمکو خوشبو
وکل شیء الا النساء رواہ احمد وابوداؤد وفی
اور ہر چیز سوا عورت کے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے اور
اسنادہ ضعف وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما
اسکی سند میں ضعف ہے اور روایت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس علی النساء حلق
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے عورتوں پر حلق
وانما علی النساء التقصیر رواہ ابوداؤد باسناد
اور بس عورتوں پر کترانا ہی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اسناد

حَسَنٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا اَنَّ الْعَبَّاسَ
جس حدیث کو روایت کی ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مقرر عباس
بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اِسْتَاذَنَ رَسُوْلَ
بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے اذن طلب کیا پیغمبر خدا
اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّبِيْتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ رہے مکے میں منا کی راتوں کو
مِنْ اَجْلِ سِقَايَتِهٖ فَاَذِنَ لَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ * وَعَنْ عَاصِمِ
پانی پلانے کے سبب سو حکم دیا اُنکو متفق علیہ ہی * اور روایت ہی عاصم
بْنِ عَدِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
ابن عدی رضی اللہ عنہ سے مقرر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
وَسَلَّمَ اَرْخَصَ لِرُعَاةِ الْاِبِلِ فِي الْبَيْتُوْتَةِ عَنْ مِنًى
رخصت دی چرانے والوں کو اونٹ کے مقام کرنے منی اپنے گھر کے منا
يَرْمُوْنَ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ يَرْمُوْنَ لِيَوْمَيْنِ ثُمَّ يَرْمُوْنَ
سے کہ کنکر ماریں نحر کے دن پھر ماریں دو دن پھر ماریں
يَوْمَ النَّفْرِ رَوَاهُ الْخَمْسَةُ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ
چلنے کے دن روایت کیا اُسکو پانچوں نے اور صحیح کہا اُسکو ترمذی اور ابن
حِبَّانَ * وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ خَطَبَنَا
حبان نے * اور روایت ہی ابی بکرہ رضی اللہ عنہ سے کہا خطبہ سنایا ہمکو

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ لَمْ يَرْمُلْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن نہیں

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

متفق علیہ اور ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہما

قَالَا خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الرُّؤُسِ

کہا خطبہ سنایا ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دن رؤس کے

فَقَالَ اَلَيْسَ هٰذَا يَوْمَ اَوْسَطِ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ تَحِلُّ بِهٖ

سو فرمایا کیا نہیں ہی یہ دن تشریق کے بیچ کا ذکر کی تا یہ

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ ۞ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اسناد حسن سے ۞ اور روایت ہی عائشہ

اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا طَوَافُكِ

رضی اللہ عنہا سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسکو طواف تیرا

بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ يَكْفِيْكِ لِحَجِّكِ وَعُمْرَتِكِ

کعبہ کو اور دوڑنا صفا اور مروہ کے بیچ کفایت کرتا ہی تجکو تیرے حج اور عمرہ کے واسطے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ ۞ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ

روایت کیا اسکو مسلم نے ۞ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ مقرر

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَرْمُلْ فِي السَّبْعِ الَّذِيْ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رمل نہ کیا ساتوں شوط میں طواف

الحاكم
[illegible] ترمذي وصححه الحاكم
[illegible] ترمذی اور صحیح کہا اسکو حاکم نے
وعن ابن عمر رضي الله عنهما ان النبي صلى الله عليه وسلم
اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
صلى الظهر والعصر والمغرب والعشاء ثم رقد رقدة
نماز پڑھی ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا کی پھر سوئے ایک نیند وادی
بالمحصب ثم ركب الى البيت فطاف به رواه
محصب میں پھر سوار ہوئے بیت اللہ کیطرف پھر طواف وداع کیا سو اسکو
البخاري وعن عائشة رضي الله عنها انها لم تكن
بخاری نے روایت کیا اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے وہ نکرتی
تفعل ذلك اي النزول بالابطح وتقول انما نزله
تھیں ایسا یعنی اترنا ابطح کے مقام میں اور کہتیں بس اترے تھے
رسول الله صلى الله عليه وسلم لانه كان منزلا اسمح لخروجه
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اسواسطے کہ تھا وہ منزل آسان نکلنے کو
رواه مسلم وعن ابن عباس رضي الله عنهما قال امر
روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا حکم کیے گئے
الناس ان يكون اخر عهدهم بالبيت الا انه خفف
لوگ کہ ہو آخر وقت انکی رخصت کا ساتھ بیت اللہ کے مگر آپ نے تخفیف کیا

عَنِ الْحَائِضِ متفق علیہ وعن ابن الزبیر رضی اللہ
(طواف وداع کو) حیض والی چھوڑ دی جائے اور روایت ہے ابن زبیر رضی اللہ
عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةٌ فِيْ
عنہما سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز اسکا ثواب
مَسْجِدِيْ هٰذَا اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ
میری مسجد میں زیادہ ہے ہزار نماز کے ثواب سے اسکے غیر میں
اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وَصَلٰوةٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
مگر مسجد حرام اور ثواب نماز کا مسجد حرام میں
اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوةٍ فِيْ مَسْجِدِيْ بِمِائَةِ رَوَاهُ اَحْمَدُ
زیادہ ہے میری مسجد کی نماز سے سو حصہ روایت کیا اسکو احمد نے
وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَبَابُ الْفَوَاتِ وَالْاِحْصَارِ
اور صحیح کہا اسکو ابن حبان نے و باب حج کے نہ ملنے کا اور روکے جانے کا محرم کے
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدْ اُحْصِرَ
روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا گھیر لے گئے
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَلَقَ وَجَامَعَ نِسَائَهُ وَ
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پھر سر منڈایا اور صحبت کی اپنی بی بیوں سے
نَحَرَ هَدْيَهُ حَتّٰى اعْتَمَرَ عَامًا قَابِلًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ
اور ذبح کیا ہدی کو اپنے جب عمرہ کیا اگلے سال کا روایت کیا اسکو بخاری نے

حیض والی اس جانور کو کہتے ہیں کہ مرد اسے اپنے ساتھ قربان کرلے

وعن عائشة رضي الله عنها قالت دخل النبي ﷺ
اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا آئے ہی
صلى الله عليه وسلم على ضباعة بنت الزبير بن عبد
صلی اللہ علیہ وسلم ضباعہ بنت زبیر بن عبد
المطلب رضي الله عنه فقالت يا رسول الله اني
المطلب رضی اللہ عنہ کے پاس سو بولی یا رسول اللہ میں
اريد الحج وانا شاكية فقال النبي صلى الله عليه وسلم
ارادہ کرتی ہوں حج کا اور میں مریض ہوں تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
حجي واشترطي ان محلي حيث حبستني
حج کر اور شرط کر کہ مکان احرام کھولنے کا میرے وہی جہاں نے روکا تو نے مجھے (ای اصل)
متفق عليه وعن عكرمة عن الحجاج ابن عمرو
متفق علیہ ہی اور عکرمہ سے روایت ہی نقل کی اُسنے حجاج ابن عمرو
الانصاري رضي الله عنه قال قال رسول الله
انصاری رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا
صلى الله عليه وسلم من كسر او عرج فقد حل وعليه الحج
صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکا پانوں توڑا یا لنگڑا ہوا سو اُسکا احرام کھلا اور اُسپر حج
من قابل قال عكرمة فسألت ابن عباس وابا هريرة
ہی اگلے سال کہا عکرمہ نے پھر پوچھا میں نے ابن عباس اور ابو ہریرہ سے

عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَصَحُّ رَوَاهُ الْحَسَنُ وَحَسَّنَهُ التِّرْمِذِيُّ

سوا وہ صحیح کہا ہی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور حسن کہا اسکو اور ترمذی نے

كِتَابُ الْبُيُوعِ

کتاب

بَابُ شُرُوطِهِ وَمَا نُهِيَ عَنْهُ وَعَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ

باب اسکی شرطوں کا اور جو منع ہی اسمیں اور روایت ہی رفاعہ ابن رافع

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ

رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کون

الْكَسْبِ اَطْيَبُ قَالَ عَمَلُ الرَّجُلِ بِيَدِهٖ وَكُلُّ بَيْعٍ

کسب بہتر ہی فرمایا کمانا مرد کا ہاتھ سے اپنے اور سب خرید فروخت

مَبْرُورٍ رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ وَعَنْ جَابِرِ

جو بھلی اور روایت کیا اسکو بزار نے اور صحیح کہا اسکو حاکم نے اور روایت ہی

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے کہ اسنے سنا پیغمبر خدا صلی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ اِنَّ اللّٰهَ

اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے فتح کے سال جب وے مکے میں تھے کہ اللہ

وَرَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْاَصْنَامِ

اور رسول نے اسکے حرام کیا بیع شراب کی اور مردار اور سور اور بتوں کی

فقيل يا رسول الله [illegible]

[illegible] لی اللہ فرمایئے [illegible] کشتیاں ہیں

بها السفن ويدهن بها الجلود ويستصبح بها

[illegible] کھال اور روشنی کرتے ہیں آدمی

الناس فقال لا هو حرام ثم قال رسول الله صلى الله عليه

اُس کے سو فرمایا نہیں وہ حرام ہی پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم عند ذلك قاتل الله اليهود إن الله تعالى لما

وسلم نے اُسی وقت لعنت کرے اللہ یہود کو اللہ تعالیٰ نے جب

حرم عليهم شحومها جملوه ثم باعوه فأكلوا ثمنه

حرام کی اُنپر چربی جانوروں کی پگھلایا اُسکو پھر بیچی اُسکو پھر کھایا دام اُسکا

متفق عليه • وعن ابن مسعود رضي الله عنه قال

متفق علیہ ہی • اور روایت ہی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إذا اختلف

سُنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جب جھگڑے

المتبايعان ليس بينهما بينة فالقول ما يقول رب

خرید بیچوالے اور نہو اُنکے بیچ گواہ تو بات وہی جو کہے مالک جنس کا

السلعة أو يتتاركان رواه الخمسة وصححه الحاكم

یا چھوڑ دیں دونوں روایت کیا اُسکو پانچوں نے اور صحیح کہا اُسکو حاکم نے •

وعن ابي مسعود الانصاري رضي الله عنه ان رسول
اور روایت ہے ابی مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے کہ رسول
الله صلى الله عليه وسلم نهى عن ثمن الكلب ومهر
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کتے کی قیمت لینے سے اور مزدوری سے
البغي وحلوان الكاهن متفق عليه وعن جابر
فاحشہ کی اور کمائی سے فال نکالنے والے کی متفق علیہ اور روایت ہے جابر
بن عبد الله رضي الله عنه انه كان على جمل له اعيا
ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے کہ وہ تھا سوار اپنے تھکے ہوئے اونٹ پر
فاراد ان يسيبه قال فلحقني النبي صلى الله عليه وسلم
پھر ارادہ کیا کہ چھوڑ دے اُسکو کہا پھر ملے مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
فدعى لي وضربه فسار سيرا لم يسر مثله قال
سو بُلایا مجھے اور مارا اُسے پھر چلا ایسی چال کہ نہ چلا تھا اُسکے برابر فرمایا
بعنيه بوقية قلت لا ثم قال بعنيه فبعته بوقية و
بیچ میرے ہاتھ اُسے اوقیہ کو میں نے کہا میں نے نہیں فرمایا بیچ میرے ہاتھ اسکو پھر بیچا میں
اشترطت حملانه الى اهلي فلما بلغت اتيته
اُسے اوقیہ کو اور شرط کیا سوار ہونا اُسپر لوگوں تک اپنے پھر جب پہنچا یا میں اُن پاس
بالجمل فنقدني ثمنه ثم رجعت فارسل في
اونٹ سو نقد دی مجھے حضرت نے قیمت اُسکی تب پھر چلا میں پھر بھیجا

سلیم ہوا کہ مسجد و دفن بیٹھے فال کھولنے والے کے پاس سے لینے میں اُسکی کمائی اور مارا دی کی

اِثْرِیْ فَقَالَ لَوْ اَنِّیْ مَا کَسَتْکَ لَاَخَذَ جَمَلَکَ خُذْ جَمَلَکَ

آدمی دیکھے میرے تو جانا کیا سمجھا تو کہ کدو کاوش کیا میں نے تجھ سے کہ لوں اونٹ تیرا لے

وَدَرَاهِمَکَ فَهُوَ لَکَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا السِّيَاقُ

اونٹ اپنا اور درم اپنے سو وہ تیرا ہی متفق علیہ اور یہ روش ہی

لِمُسْلِمٍ * وَعَنْهُ قَالَ اَعْتَقَ رَجُلٌ مِنَّا عَبْدًا لَهٗ عَنْ دُبُرٍ

